BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

# رینز پیٹس (Ren's Pets) نے کتوں اور بلیوں کے لائسنس کے پروگرام میں سٹی آف برامپٹن کے ساتھ شراکت داری کی ہے

برامپٹن، آن (28 جنوری 2023) – رینز پیٹس، جو کہ کینیڈا میں پالتو جانوروں کی خوراک اور دیگر سازو سامان کی خوردہ فروشی کے حوالے سے ایک جانا پہچانا اور سرکردہ نام ہے، نے کتے اور بلی کے لائسنسنگ پروگرام میں معاونت کے لیے سٹی آف برامپٹن کے ساتھ شراکت کی ہے۔ برامپٹن کے رہائشی جب اپنے کتے یا بلی کو رجسٹر کریں گے اور برامپٹن اینیمل سروسز سے اپنے پالتو جانوروں کا سالانہ لائسنس خریدیں گے، تو انہیں رینز پیٹس سے خریداری کے لیے 20$ کا ایک واؤچر بھی موصول ہو گا۔

میونسپل اینیمل کنٹرول بائی لاز کے تحت، برامپٹن کے تمام کتوں اور بلیوں کو ہر کیلنڈر سال کے لیے سٹی سے لائسنس یافتہ ہونا ضروری ہے۔ رہائشی آن لائن طور پر، بالمشافہ یا بذریعہ ڈاک بھی اپنے پالتو جانوروں کا لائسنس حاصل کر سکتے ہیں۔ فیس اور مکمل تفصیلات کے لیے www.brampton.ca/animalservices ملاحظہ کریں۔

رینز پیٹس کے CEO سکاٹ آرسنالٹ نے کہا ہے کہ "اس پروگرام کے تحت پالتو جانوروں کی ذمہ دارانہ ملکیت کے حوالے سے سٹی آف برامپٹن کے ساتھ شراکت داری کرنے کے لیے ہم پرجوش ہیں۔" ان کا مزید کہنا تھا کہ "برامپٹن میں مقامی کمیونٹیز کے ساتھ اس جیسی بامعنی شراکتیں قائم کرنے کے لیے رینز پرعزم ہے، تاکہ پالتو جانور اپنی بہترین زندگیاں گزار سکیں۔ ہم نے اپنا برامپٹن اسٹور 18 جولائی 2021 کو کھولا تھا اور تب سے ہم نے اس علاقے کے پالتو جانوروں کے کئی جوشیلے مالکان کے ساتھ انتہائی دلچسپ اور پرجوش ملاقاتیں کی ہیں"

مائیک مولک، اینیمل سروسز منیجر سٹی آف برامپٹن نے کہا کہ "سٹی آف برامپٹن رینز پیٹس کو اپنے لائسنسنگ پارٹنرز میں شامل کرنے پر بہت خوش ہے۔ ہمارا ہمیشہ سے یہ مقصد رہا ہے کہ ہم اپنی کمیونٹی کے کتوں اور بلیوں کے مالکان کو 2023 کے لیے اپنے لائسنسوں کی خریداری یا ان کی تجدید پر انہیں کوئی انعام دیں۔ آج ہی اپنا لائسنس خریدنے کے لیے آن لائن جائیں اور اپنی اس ذمہ داری کو پورا کریں۔"

لاریسا وسیلیو، رینز پیٹس کی ای کامرس اور مارکیٹنگ کی VP نے شیئر کیا کہ "برامپٹن میں اپنے کتوں اور بلیوں کے لیے پالتو جانوروں کا لائسنس حاصل کرنے والے مالکان کے لیے یہ ایک زبردست فائدہ ثابت ہو گا۔ $20 کے واؤچر کو مالکان اپنے پالتو جانوروں کے لیے کھانے کی اشیاء، کھلونوں یا مزید کسی بھی چیز کے لیے رینز میں استعمال کر سکتے ہیں۔ رینز کے پاس بہترین اور اعلیٰ ترین معیار کے پریمیم برانڈز اور آپ کے کتے اور بلی کے لیے درکار ہر چیز کی وسیع تر رینج دستیاب ہے، خاص طور پر ان کے کھانے کی اشیاء میں خشک، گیلا یا کچا کھانا سب کچھ دستیاب ہے۔ یہ بہت اچھی بات ہے کہ لوگ پالتو جانوروں کے ذمہ دار مالکان ثابت ہونے اور اپنے پالتو جانوروں کا لائسنس حاصل کرنے کے علاوہ بھی رینز سے بہت لطف اندوز ہو سکیں گے۔"

برامپٹن میں اپنے پالتو جانوروں کا لائسنس حاصل کرنے کے بارے میں مزید یہاں پڑھیں: www.brampton.ca/animalservices

The Corporation of The City of Brampton
2 Wellington Street West, Brampton, ON L6Y 4R2 311 TTY: 905.874.2130

BRAMPTON

**Media Release**




رینز پیٹس برامپٹن، ٹرنٹی کامنز میں 200 گریٹ لیکس ڈرائیو پر واقع ہے۔




ہمارے برامپٹن اسٹور میں 8,000 سے زیادہ پروڈکٹس موجود ہیں جن میں کتوں اور بلیوں کے کھانے کی اعلیٰ معیار کی اشیاء اور کھلونوں کے علاوہ ایک خصوصی گرومنگ سیکشن اور واک اِن فریزر بھی دستیاب ہے۔




*اپنے پالتو جانوروں کو ہمارے صاحب علم عملے سے ملوانے کے لیے لے کر آئیں اور کسی بھی وقت ہمارے اسٹور میں موجود اسکیل پر ان کا وزن کرائیں۔*

-30-

**رینز پیٹس کے بارے میں**

رینز پیٹس اونٹاریو اور میری ٹائمز میں 45 سٹورز (اور اضافہ ہوتے ہوئے!) کے ساتھ کینیڈا کا ایک سرکردہ اسپیشلٹی ریٹیلر ہے اور اس کے علاوہ یہ قومی سطح پر ایک بہترین ای کامرس سائٹ بھی ہے جو ملک بھر میں مال کی شپنگ بھی کرتا ہے۔ اس کمپنی کی بنیاد 1975 میں رکھی گئی تھی اور اس کا صدر دفتر گولف، اونٹاریو میں ہے۔ اسے لیگلٹ گروپ (Legault Group) نے اگست 2021 میں اپنی ملکیت میں لیا تھا۔ رینز آپ کے پالتو جانوروں کی بہترین زندگی کے لیے پالتو جانوروں کی خوراک، علاج اور کھلونوں سمیت پالتو جانوروں کے سامان کا سب سے بڑا انتخاب رکھتا ہے۔ رینز اعلیٰ معیار کی پیشہ ورانہ گرومنگ سپلائیز کے حوالے سے اپنی صنعت میں ایک رہنماء کی حیثیت رکھتا ہے۔ رینز کا صاحب علم عملہ آپ کو اپنے پالتو جانوروں کے لیے بہترین خوراک تلاش کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔ رینز کا ریوارڈ پروگرام آپ کو اپنے پالتو جانوروں کے لیے مفت کھانا حاصل کرنے اور اپنے پوائنٹس کو آن لائن یا ان اسٹور میں ریڈیم کروانے کی سہولت دیتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے renspets.com ملاحظہ کریں یا لاریسا واسیلیو، VP آف ای کامرس اینڈ مارکیٹنگ سے larissa.wasyliw@renspets.com پر رابطہ کریں۔

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca